جریدہ: ماہنامہ ''تعمیرِ افکار'' کراچی (بیاد: پروفیسر سید محمد سلیم مرحوم) مدیر: سید عزیز الرحمٰن

ضخامت: ۴۹۶ صفحات قیمت: ۱۸۰ روپے مطبع: احمد برادرز پرنٹرز، ناظم آباد کراچی

ماہنامہ ''تعمیرِ افکار'' نے اپنی اس اشاعتِ خاص میں پروفیسر سید محمد سلیم مرحوم کے حوالے سے بہت سے نادر مضامین جمع کیے ہیں۔ جن میں اُن کی زندگی کے حالات و واقعات، تعلیم، ملازمت، زبان دانی، مطالعہ، علمی و ادبی خدمات اور افکار پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ مختلف ادبی، علمی شخصیات نے مرحوم کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے، اُن کے علاوہ مدیر محترم نے بڑی کاوش سے، پروفیسر سید محمد سلیم کے خطوط اور پھر مرحوم کے نام مشاہیر ادب و سیاست کے خطوط ایک جگہ جمع کر دیئے ہیں۔

اس اشاعت میں پروفیسر محمد سلیم مرحوم کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ مرحوم کی شخصیت کو علمی و ادبی دنیا میں ممتاز مقام حاصل ہے۔ تاریخ، ادب اور اسلامی علوم اُن کے مطالعہ و تحقیق کے خاص میدان تھے۔ انہیں اردو، فارسی، عربی، انگریزی، سندھی اور ہندی زبانوں پر خاص عبور تھا۔ اس خوبصورت مجموعہ کی طباعت کا تمام تر اہتمام پروفیسر سید محمد سلیم اکیڈمی (رجسٹرڈ) کی جانب سے کیا گیا ہے۔ شاندار ٹائٹل کے ساتھ ماہنامہ کی خوبصورتی میں اضافہ کر دیا گیا ہے۔ پرنٹنگ معیاری ہے۔ اس اشاعت خاص پر ''تعمیرِ افکار'' کے مدیر اعلیٰ ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری اور مدیر سید عزیز الرحمٰن خاص طور پر مبارک باد کے مستحق ہیں، جن کی محنت سے یہ جریدہ ترتیب و تدوین کے مراحل سے گزرا اور ایک علمی و ادبی شخصیت کے نادر و غیر مطبوعہ نثر پارے منظر عام پر آ گئے۔ امید ہے کہ ادبی حلقوں میں اس کی بھرپور پذیرائی کی جائے گی۔ (تبصرہ: ابوالادیب)

جریدہ: ششماہی ''السیرۃ'' (شمارہ: مئی ۲۰۰۳ء) مدیر: سید فضل الرحمٰن

ضخامت: ۴۱۶ صفحات قیمت: ۱۲۵ روپے ناشر: زوار اکیڈمی پبلی کیشنز۔ اے ۴/ ۱۷، ناظم آباد نمبر ۴۔ کراچی

ششماہی ''السیرۃ'' نے ربیع الاوّل کے حوالے سے ایک خوبصورت اشاعت کا اہتمام کیا ہے۔ جس میں ''شبِ ظلمت (عرب قبل از اسلام)، خطبۂ حجۃ الوداع (مطالعات و مآخذ پر ایک نظر)، سندِ حدیث اور مستشرقین، رسول کریم ﷺ کے طریقۂ تعلیم کی خصوصیات، انسانی شخصیت و کردار، سیرت طیبہ کی روشنی میں، مقالات سیرت ایک تعارفی جائزہ، کتاب اللہ اور اصحابِ رسول اللہ ﷺ'' جیسے وقیع موضوعات پر قلم اٹھایا گیا ہے۔ ان کے علاوہ سب سے اہم بات یہ ہے کہ محترم سید فضل الرحمٰن کی تدوین کردہ ''فرہنگِ سیرت''، مکمل طور پر ''السیرۃ'' زیر نظر شمارہ میں شائع کر دی گئی ہے۔ اس فرہنگ میں سیرت طیبہ میں ذکر ہونے والے قریباً تین ہزار الفاظ، مقامات، شہر، پہاڑوں، چشموں، قبائل وغیرہ کی تفصیلات دی گئی ہیں۔ جنہیں حروف تہجی کے حساب سے ترتیب دیا گیا ہے۔ زیر نظر لغت میں اُن مشکل الفاظ کا احاطہ کیا گیا ہے، جو سیرت کی کتابوں میں ملتے